49994 ـ مرد كا عورت كے ايكسرے كرنا اور اس كا روزے اور چھونے سے تعلق

سوال

میں ایكسرے ڈیپارٹمنٹ میں ملازم ہوں، اور عورتوں كے ایكسرے بھی كرنا ہوتے ہیں جس میں مریضہ كا چیك اپ بھی كرنا ہوتا ہے، سوال یہ ہے كہ اگر كوئی شخص ایسا كام كرنے پر مجبور ہو تو كیا اس كا روزہ ٹوٹ جائیگا اور وہ اس كی قضاء میں روزے ركھے یا نہیں ؟
اور اگر میں نے عورت كا چیك اپ كیا تو میرے وضوء كا حكم كیا ہوگا حالانكہ میں نے دستانے پہن ركھے ہوتے ہیں آیا وضوء ٹوٹ جائیگا یا نہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اول:

ایكسرا كرنے سے روزہ پر كوئی اثر نہیں پڑیگا، اور نہ ہی اسے روزہ توڑنے والی معتبر اشیاء میں شمار كیا جاتا ہے، لیكن اگر مریض كوئی دوائی كھائے یا پھر كوئی اور چیز كھائے یا پیئے تو كھانے پینے كے باعث اس كا روزہ ٹوٹ جائیگا.

دوم:

اگر كوئی شخص كسی عورت كا چیك اپ كرتا ہے تو چیك كرنے والے كے وضوء پر اثر نہیں پڑیگا، ہم سوال نمبر (20710) كے جواب میں بیان كر چكے ہیں كہ علماء كرا كے صحیح قول كے مطابق اجنبی عورت كو چھونے سے وضوء نہیں ٹوٹتا.

بغیر كسی شدید ضرورت كے كسی اجنبی شخص كے كسی اجنبی عورت كا علاج كرنا جائز نہیں، اور نہ ہی عورت كسی اجنبی مرد كا علاج كر سكتی ہے.

اور یہ ضرورت بھی حسب ضرورت ہی رہنی چاہیے، اس لیے كسی ادنی اور چھوٹے سے سبب كی بنا پر اور كسی چھوٹے سے مرض كی بنا پر پردہ اٹھانا جائز نہیں، اور اسی طرح اگر ضرورت ہو تو صرف درد كی جگہ كو ہی دیكھنا چاہیے اس سے زائد دیكھنا حرام ہے، اور اسی طرح معالج اور مریض كے درمیان خلوت بھی نہیں ہونی چاہیے.

سوال نمبر (2198) کے جواب میں مرد ڈاکٹر کا عورتوں کے علاج معالجہ کرنے کا تفصیلی حکم بیان کیا گیا ہے آپ اس کا مطالعہ کریں.

کسی اجنبی مرد کا اجنبی عورت اور کسی عورت کا اجنبی مرد کو چھونا حرام ہے، لیکن اگر ضرورت پیش آ جائے تو پھر ہاتھوں پر دستانے چڑھا کر چیک کرنے میں کچھ آسانی اور گناہ ہلکا ہو جائیگا.

واللہ اعلم .